06-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ٹرانسپورٹ اورشاہراہوں کی مرکزی وزارت نے ریاستوں کوخصوصی امداد کی اسکیم کےتحت تلنگانہ کو176.5 کروڑ روپیوں کی اجرائی کومنظوری دے دی ہے۔

۲۔کانگریس مقنّنہ پارٹی کا آج اجلاس منعقد ہوا جس میں چند ارکان کی جانب سے پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزی پرتشویش کا اظہار کیا گیا۔

۳۔تلنگانہ کونسل آف ہائیر ایجوکیشن نے پی ای سیٹ اور ایڈ سیٹ امتحانات کے لئے شیڈول کا اعلان کردیا ہے۔

اور

۴۔تلنگانہ میں دن کے درجہ حرارت میں دن بہ دن اضافہ ہورہا ہے۔حیدرآباد کو چھوڑ کر تمام اضلاع میں اعظم ترین درجہ حرارت 37 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

KTR-UGC:

بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگذار صدر کے تارک راما راؤ نے یو جی سی کے قواعد وضوابط میں مجوزہ ترمیمات پرتشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے وفاقی جذبہ کے خلاف ورزی ہوگی۔دہلی میں آج مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان سے ملاقات کرتے ہوئے کے ٹی راما راؤ نے انہیں اپنی پارٹی کے موقف سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ نئے قواعد وضوابط کے تحت ریاستی یونیورسٹیوں کی سرچ کمیٹیوں کی ذمہ داری گورنرس کو سونپی گئی ہے جس سے وفاقی اصولوں کی خلاف ورزی ہوگی۔انہوں نے یہ دلیل پیش کی کہ نئے قواعد وضوابط سے درجہ فہرست ذاتوں، درجہ فہرست قبائل اور او بی سی طلبہ کے مساوات متاثر ہوں گے اور یونیورسٹیوں پر گورنرس کے ذریعہ مرکز کو کنٹرول حاصل ہوگا۔انہوں نے مرکزی وزیر کو 6 صفحات پر مشتمل ایک یادداشت پیش کی۔مرکزی حکومت سے انہوں نے درخواست کی کہ وہ وفاقیت کے جذبہ کے مطابق فیصلے کریں۔

TTD-MIM:

ترو ملا ترو پتی دیوستھانم کی جانب سے 18 غیر ہندو ملازمین پر کسی بھی مذہبی تقریب میں شرکت پر لگائی گئی پابندی کے تناظر میں کل ہند مجلس اتحاد المسلمین کے صدر اور حیدرآباد کے رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی نے اسے واضح منافقت قرار دیا ہے۔ٹی ٹی ڈی کے ایگزیکیٹو آفیسر نے حال ہی میں ایک میمو جاری کرتے ہوئے غیر ہندو ملازمین کو ہدایت دی کہ وہ ٹی ٹی ڈی کے کسی بھی مذہبی پروگرام میں شرکت نہ کریں۔اسدالدین اویسی نے سوشیل میڈیا پلاٹ فارم ایکس پر اپنے پوسٹ میں

آندھرا پردیش کے چیف منسٹر چندرا بابو نائیڈو نے سوال کیا کہ ان کی پارٹی نے جوائنٹ ورکنگ کمیٹی میں نئے وقف بل کی تائید کیوں کی۔ انہوں نے کہا کہ اس بل میں سنٹرل وقف کونسل اور ریاستی وقف بورڈ میں کم سے کم دو غیر مسلموں کی شمولیت کی گنجائش فراہم کی گئی ہے۔

ROADS:

روڈ ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی مرکزی وزارت نے ریاستوں کو خصوصی امداد کی اسکیم کے تحت تلنگانہ کو 176.5 کروڑ روپیوں کی اجرائی کو منظوری دے دی ہے۔ اس اسکیم کے تحت مقررہ سنگ میل حاصل کرنے پر ریاستوں کو ترغیبی رقم فراہم کی جاتی ہے۔ وزارت کی جانب سے جاری کئے گئے ایک حکم نامہ کے مطابق تلنگانہ میں وزارت کی مختلف مساعیوں کے تحت سرگرمیاں انجام دی ہیں۔ ایک مساعی کے تحت ریاست کے اقدامات کی وجہ سے وہ 125 کروڑ روپے کی مستحق قرار پائی ہیں۔ دوسری مساعی کے تحت اسے 51.5 کروڑ روپے حاصل ہوئے ہیں۔ اس دوران وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے محکمہ کے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ہائی برڈ اینویٹی ماڈل کے تحت سڑکوں کی تعمیر کے کام میں تیزی لائیں۔ کل منعقدہ اجلاس میں انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ اینچ اے ایم روڈس سے متعلق تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ تیار کرنے کے لئے کنسلٹنس کی نشاندہی کریں۔

CLP:

کانگریس مقنّنہ پارٹی کا آج ڈاکٹر مری چنا ریڈی انسٹیٹیوٹ آف ہیومن ریسورسس ڈیولپمنٹ میں اجلاس منعقد ہوا۔ چند ارکان کی جانب سے پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزی پر اجلاس میں تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اس اجلاس میں اندرونی ناراضگی کو دور کرنے اور پارٹی ڈسپلن برقرار رکھنے کے لئے تبادلہ خیال ہوا۔ سینئر لیڈروں نے زور دے کر کہا کہ پارٹی کے فیصلوں کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی لیڈر کو سخت کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے ارکان پر زور دیا کہ وہ پارٹی کی پالیسیوں پر کاربند رہیں اور اگر انہیں کوئی شکوک وشبہات ہیں، تو وہ کھلے عام بیانات دینے کے بجائے اندرونی مذاکرات کے ذریعہ انہیں دور کرلیں۔ پارٹی کی قیادت نے اتحاد کی اہمیت پر زور دیا اور پارٹی کے مفادات کو نقصان پہنچانے والے اقدامات کے خلاف متنبہ کیا۔ اجلاس میں مجموعی فیصلہ سازی اور اختلافات دور کرنے کے لئے اندرونی مذاکرات کی ضرورت پر زور دیا گیا۔

EDCET:

تلنگانہ کونسل آف ہائیر ایجوکیشن نے پی ای سیٹ اور ایڈ سیٹ امتحانات کے لئے شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔ پی ای سیٹ کا نوٹیفکیشن 12 مارچ کو جاری کیا جائے گا اور درخواستیں 15 مارچ سے 24 مئی تک وصول کی جائیں گی۔ یہ امتحان 11 جون سے 14 جون تک منعقد ہوگا۔ کاکتیا یونیورسٹی کی جانب سے جاری کئے گئے ایڈ سیٹ نوٹیفکیشن کے مطابق ایڈ سیٹ کی درخواستیں 12 مارچ سے 13 مئی تک حاصل کی جائیں گی۔

RS-TRIBAL:

مرکزی وزیر مواصلات جیوتر آدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ حکومت مجموعی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ اس میں ملک کے قبائلی دیہاتوں میں مواصلات کی سہولت بھی شامل ہے۔ راجیہ سبھا میں ایک ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 25 ہزار دیہاتوں میں پی ایم جن من اسکیم کے تحت نہ صرف مواصلات پر بلکہ صحت، تغذیہ، تعلیم، صفائی، پینے کے پانی میں اور دیگر سہولتوں پر توجہ دی جا رہی ہے۔

RS-DIGITAL FRAUDS:

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل ادائیگیوں میں فراڈ کے بڑھتے ہوئے واقعات کے پیش نظر اس نوعیت کے سائبر جرائم سے نمٹنے کے لئے قابل لحاظ اقدامات کئے گئے ہیں۔ راجیہ سبھا میں آج ایک تحریری جواب میں فینانس کے مملکتی وزیر پنکج چودھری نے بتایا کہ مالی سال 24-2023ء کی طرح ملک بھر میں 35 ہزار سے زائد کیس درج کئے گئے۔ ان معاملات میں ایک ہزار 470 کروڑ سے زیادہ کی رقم کی دھوکہ دہی ہوئی۔ چودھری نے کہا کہ حکومت نے ڈیجیٹل فراڈ کے خطرہ سے نمٹنے کے لئے کئی اقدامات کئے ہیں۔

PARIKSHA PE CHARCHA:

پرکشا پہ چرچا کا 8واں ایڈیشن اس سال ایک نئے انداز میں منعقد کیا جائے گا۔ یہ پروگرام 8 اپی سوڈ پر مشتمل ہوگا۔ یہ پروگرام دہلی کے بھارت منڈپم میں اس مہینہ کی 10 تاریخ کو صبح 11 بجے منعقد ہوگا۔ مرکزی وزارتِ تعلیم نے ایک بیان میں بتایا کہ پروگرام کے تحت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیتیں طلبہ کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گی اور اپنے تجربات اور معلومات کو ان کے سامنے رکھیں گی۔ وزارتِ تعلیم نے بتایا کہ اس پروگرام کے تحت ہر ریاست اور مرکزی زیر انتظام علاقہ کے مختلف اسکولوں کے 36 طلبہ کو وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ راست تبادلہ خیال کے لئے منتخب کیا گیا ہے۔ پہلے اپی سوڈ میں وزیر اعظم طلبہ کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گے۔

WEF:

ورلڈ اکنا مک فورم کے صدر بورگ برنڈے اور مینجنگ ڈائرکٹر میرک دوسک نے حال ہی میں ڈاوس میں منعقدہ ورلڈ اکنا ک فورم کے اجلاس میں شرکت پر چیف منسٹر ریونت ریڈی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے چیف منسٹر کے نام ایک مکتوب میں لکھا کہ آئندہ 10 سال کے دوران تلنگانہ کو ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت میں تبدیل کرنے کے ان کے ویژن سے کانفرنس کے شرکاء متاثر ہوئے۔ تلنگانہ رائزنگ 2025ء کے مقصد کے حصول کے لئے آئندہ اقدامات اور سرمایہ کاری کے مواقع کے بارے میں عالمی تجارتی لیڈرس نے دلچسپی دکھائی۔ ورلڈ اکنامک فورم کے صدر اور مینجنگ ڈائرکٹر نے اپنے مکتوب میں کہا کہ تلنگانہ کو 2047ء تک نٹ زیرو بنانے اور حیدرآباد کے قریب ہندوستان کا پہلا نٹ زیرو شہر تعمیر کرنے کے منصوبہ میں بھی شرکاء نے دلچسپی دکھائی۔

MET:

ایشا فاؤنڈیشن کے بانی صدگرو جگی واسودیو نے آج چیف منسٹر ریونت ریڈی سے ان کے جوبلی ہلز میں ان کے قیام گاہ پر ملاقات کی۔ واسودیو نے چیف منسٹر کو فاؤنڈیشن کی سرگرمیوں سے واقف کروایا۔

WEATHER:

تلنگانہ میں دن کے درجہ حرارت میں دن بہ دن اضافہ ہو رہا ہے۔ حیدرآباد کو چھوڑ کر تمام اضلاع میں اعظم ترین درجہ حرارت 37 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ حیدرآباد میں درجہ حرات 35.3 ڈگری درج کیا گیا۔ تلنگانہ ڈیولپمنٹ پلاننگ سوسائٹی نے آج اپنے بلیٹن میں بتایا کہ منچریال ضلع کے بھیم رم میں سب سے زیادہ درجہ حرارت 37.6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ سنگاریڈی ضلع کے کوہیر میں اقل ترین درجہ حرارت 12.8 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ رنگاریڈی ضلع کے معین آباد میں اقل ترین درجہ حرارت 13 ڈگری سلسیس رہا۔

OO